# KSET
# 2024

## Previous Year Paper
(Urdu)
24 Nov, 2024

Adda247

Test Prime

ALL EXAMS, ONE SUBSCRIPTION

1,00,000+ Mock Tests

Personalised Report Card

Unlimited Re-Attempt

600+ Exam Covered

25,000+ Previous Year Papers

500% Refund

IBPS

NABARD

ATTEMPT FREE MOCK NOW

Adda247 GET IT ON Google Play

| A1 |
|---|
| VERSION CODE |

**ELIGIBILITY/COMPETITIVE EXAM 2024**

**PAPER-2**

**Total Number of Questions: 100**

**Maximum Marks : 200**

| MENTION YOUR REGISTER NUMBER | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

**Serial Number :**

**Subject: URDU**

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

**DOs:**

1. This question booklet is issued to you at **9.55 a.m.** by the room invigilator.
2. Check whether the Register Number has been entered and shaded in the respective circles on the OMR answer sheet.
3. The Version Code of this question booklet should be entered on the OMR answer sheet and the respective circles should also be shaded completely.
4. The Version Code and Serial Number of this question booklet should also be entered on the Nominal Roll without any mistakes.
5. Compulsorily sign at the bottom portion of the OMR answer sheet in the space provided.

**DONTs:**

- **THE TIMING AND MARKS PRINTED ON THE OMR ANSWER SHEET SHOULD NOT BE DAMAGED / MUTILATED / SPOILED.**

## IMPORTANT INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

1. In case of usage of signs and symbols in the questions, the regular textbook connotation should be considered unless stated otherwise.
2. This question booklet contains **100** questions and each question will have one statement and four different options / responses & out of which you have to choose one correct answer.
3. At **10.00 a.m.** remove the paper seal of this question booklet and check that this booklet does not have any unprinted or torn or missing pages or items etc., if so, get it replaced by a complete test booklet within **5** minutes of the commencement of exam. Read each item and start answering on the OMR answer sheet.
4. Completely **darken / shade** the relevant circle with a **blue or black ink ballpoint pen against the question number on the OMR answer sheet.**

| ಸರಿಯಾದ ಕ್ರಮ CORRECT METHOD | ತಪ್ಪು ಕ್ರಮಗಳು WRONG METHODS | | |
|---|---|---|---|
| | ⊗ ② ③ ④ | ① ② ③ ④ | ① ● ● ④ |
| ① ● ③ ④ | ◐ ② ③ ④ | ① ◉ ③ ④ | ① ② ③ ④ |

5. Please note that even a minute unintended ink dot on the OMR answer sheet will also be recognized and recorded by the scanner. Therefore, avoid multiple markings of any kind on the OMR answer sheet.
6. Use the space provided on each page of the question booklet for Rough Work. Do not use the OMR answer sheet for the same.
7. **Once the last Bell rings at 1.00 P.M.,** stop writing on the OMR answer sheet and hand over the **OMR answer sheet** to the room invigilator as it is.
8. After separating the top sheet (Office copy), the invigilator will return the bottom sheet replica (Candidate's copy) to you.
9. All questions carry equal marks.
10. Use of Mobile Phones, Calculators and other Electronic / Communication gadgets of any kind is prohibited inside the Examination venue.

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 1 "اُدیچہ" کس علاقہ میں بولی جاتی ہے؟

1 - مشرقی ہندوستان

2 - مغربی ہندوستان

3 - شمال مشرقی ہندوستان

4 - شمال مغربی ہندوستان

Q 2 پانٹنی نے اپنی تصنیف "اشٹ ادھیایہ" میں کس زبان کو استحکام بخشا تھا؟

1 - پالی

2 - تامل

3 - سنسکرت

4 - پراکرت

Q 3 اُردو کا تعلق کس اپ بھرنش سے ہے؟

1 - شورینی اپ بھرنش

2 - ماگوھی اپ بھرنش

3 - اردھ ماگوھی اپ بھرنش

4 - مہاراشٹری اپ بھرنش

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 4 ذیل میں سے ( آ ) کو ترجیح دینے والی مغربی ہندی کی بولی کون سی ہے؟

1 - برج بھاشا
2 - بندیلی
3 - کھڑی بولی
4 - قنوجی

Q 5 ذیل کے چار بیانات کو غور سے پڑھیئے اور صحیح بیانات کے زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

i - اردو کا تعلق ہند آریائی سے ہے۔
ii - اُردو کا رسم الخط فارسی سے ماخوذ ہے۔
iii - اُردو زبان کی تشکیل میں فارسی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔
iv - اُردو ادب پر فارسی ادب کا گہرا اثر ہے۔

1 - صرف ۱، ۲ اور ۳
2 - صرف ۲، ۱ اور ۴
3 - صرف ۲، ۳ اور ۴
4 - صرف ۳، ۱ اور ۴

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 6 کس نے دہلی اور اس کے گرد و نواح کو اُردو کی جائے پیدائش قرار دیا ہے؟

1 - سہیل بخاری

2 - مسعود حسین خاں

3 - نصیر الدین ہاشمی

4 - سید سلیمان ندوی

Q 7 لسانی اصطلاح میں ''لنگوا فرانکا'' سے کیا مراد ہے؟

1 - وہ زبان جو بڑے علاقے کی رابطہ کی زبان ہوتی ہے

2 - وہ زبان جو پڑھے لکھے طبقے میں بولی جاتی ہے

3 - وہ زبان جس میں صرف ادب لکھا جاتا ہے

4 - کسی مخصوص طبقہ کی زبان

Q 8 مارفیمیات کا دوسرا نام کیا ہے؟

1 - فونیمیات

2 - نحویات

3 - صوتیات

4 - صرفیات

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 9 لفظ اور معنی کے منطقی اور علامتی رشتہ کی پہچان کا مطالعہ کیا کہلاتا ہے؟

1 - صرفیات
2 - نحویات
3 - فونیمیات
4 - معنیات

Q 10 ذیل میں صرفی اصطلاحات اور ان کی مثالیں دی گئی ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

اصطلاحات

| | | | |
|---|---|---|---|
| i - | ضمیر موصولہ | الف - | مرزا غالب |
| ii - | جنس غیر حقیقی | ب - | وہ کتاب جو کل چوری ہوگئی |
| iii - | صفت | ج - | شلوار |
| iv - | اسم خاص | د - | ذہین |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ج | الف | د | ب |
| 2 - | ب | ج | د | الف |
| 3 - | الف | د | ج | ب |
| 4 - | د | ج | الف | ب |

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 11 میر انیس پر سب سے زیادہ تحقیقی کام کس محقق کا ملتا ہے؟

1 - سید احتشام حسین
2 - مسعود حسن رضوی ادیب
3 - گوپی چند نارنگ
4 - نورالحسن

Q 12 مصرعہ ثانی لکھ کر ذوق کے شعر کو مکمل کیجیے۔

"ہر ایک قطرۂ شبنم کی کھول کر زنجیر

- - - - -

1 - چمن میں موج تبسم کی کھول کر زنجیر
2 - زمیں پہ ہم سر سنبل ہے موج نقش حصیر
3 - ہر اک گھر گھر شب چراغ پر تنویر
4 - ہر ایک دشت چمن ہر چمن بہشت نظیر

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 13 ذیل میں دو جملے دئے گئے ہیں ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہہ کا نام دیا گیا ہے۔

بیان: لغوی واصطلاحی معنوں میں اُردو قصیدہ عربی قصیدہ سے مختلف ہے۔

توجیہہ: عربی قصیدہ میں مبالغہ کے ساتھ کسی کی مدح نہیں ہوتی

ان جملوں کے سیاق میں ذیل کا کون سا جواب صحیح ہے؟

1 - بیان غلط، توجیہہ صحیح

2 - بیان غلط، توجیہہ بھی غلط

3 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

4 - بیان صحیح اور توجیہہ بھی صحیح

Q 14 صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| i - | قصّہ بے نظیر | الف - | نصرتی |
| ii - | خاور نامہ | ب - | مقیمی |
| iii - | چندر بدن و مہیار | ج - | صنعتی |
| iv - | گلشن عشق | د - | سِمتی |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ج | د | ب | الف |
| 2 - | د | ج | ب | الف |
| 3 - | ج | ب | الف | د |
| 4 - | الف | ج | ب | د |

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247

GET IT ON Google Play

Q 15 ذیل میں دو جملے دیے گئے ہیں ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہہ کا نام دیا گیا ہے۔

بیان: مثنوی گلزار نسیم میں مافوق الفطرت عناصر کی کثرت ہے۔

توجیہہ: اس مثنوی میں صنائع وبدائع کا استعمال بہت کم ہوا ہے۔

1 - بیان صحیح ہے اور توجیہہ بھی صحیح ہے

2 - بیان غلط ہے اور توجیہہ صحیح ہے

3 - بیان صحیح ہے اور توجیہہ غلط ہے

4 - بیان غلط ہے اور توجیہہ بھی غلط ہے

Q 16 میر انیسؔ نے مرثیہ کے بارے میں ایک مصرعہ کہا ہے ان میں کون سا صحیح ہے؟

1 - لفظ مغلق نہ ہوں سادہ نہ ہوں تعقید نہ ہو

2 - لفظ بہم نہ ہوں مضمر نہ ہوں تعقید نہ ہو

3 - لفظ شیریں نہ ہوں سادہ نہ ہوں تعقید نہ ہو

4 - لفظ مغلق نہ ہوں گنجلک نہ ہوں تعقید نہ ہو

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 17 ذیل میں دو جملے دیے گئے ہیں ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہہ کا نام دیا گیا ہے۔

بیان: مثنوی میں شاعر اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق کسی بھی موضوع کو اپنا سکتا ہے۔

توجیہہ: مثنوی میں مرثیہ نگاری کی طرح کس کی موت پر رنج و غم کا اظہار بھی کیا جا سکتا ہے۔

ان جملوں کے سیاق میں ذیل کا کونسا جواب صحیح ہے؟

1 - بیان صحیح، توجیہہ غلط
2 - بیان صحیح، توجیہہ بھی صحیح
3 - بیان غلط، توجیہہ صحیح
4 - بیان غلط، توجیہہ بھی غلط

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 18

"آج ہے آٹھوں بہشتوں کی نئی تیاری

نخل سرسبز ہیں فردوس میں نہریں جاری

شب سے حوریں ہیں مکلل بجواہر ساری

خانہ دوست میں ہے دوست کی مہمان داری

انیس کے مندرجہ بالا اشعار میں بہشتوں کی تیاری کا حکم کس کی مہمان داری کے لیے دیا جارہا ہے۔

1 - حضرت علی اکبر کے لیے

2 - حضرت امام قاسم کے لیے

3 - حضرت امام حسین کے لیے

4 - حضرت حیدر کرار کے لیے

Q 19

"شہیدوں کے خون کی روشنائی میں اپنا قلم ڈبو کر میں حکومت برطانیہ کی پبلسٹی نہیں کرنا چاہتا"۔

یہ قول کس کا ہے؟

1 - محمد علی جوہر کا

2 - جمیل مظہری کا

3 - شوکت علی جوہر کا

4 - حسرت موہانی کا

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 20 حفیظ جالندھری نے اپنی مثنوی ''شاہنامہ اسلام'' کس بحر میں لکھ کر جدت پیدا کی؟

1 - بحر ہزج مسدس مقصور یا محذوف
2 - بحر ہزج مسدس اخرب مقبوض مقصور یا محذوف
3 - بحر رمل مسدس مخبون محذوف یا مقصور
4 - بحر ہزج مثمن سالم

Q 21 درج ذیل میں کلیم عاجز کا شعر کون سا ہے؟

1 - جب قریب آیا تو ہم خود سے جدا ہونے لگے
وہ حجابِ درمیانِ جان و تن لگنے لگا

2 - سلگنا اور شے ہے جل کے مر جانے سے کیا حاصل
جو ہم سے ہو رہا ہے کام پروانے سے کیا ہوگا

3 - امید و بیم نے وہ راستا ہی چھوڑ دیا
چراغِ گل ہوا جب آستانۂ دل کا

4 - یوں اڑائے لے جاتا ہے مجھے دل میرا
ساتھ دیتا نہیں اب جادۂ منزل میرا

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 22 ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں اوردوزمرے غلط

(i) آبرو،یک رنگ، مضمون

(ii) میر سوز،میر اثر،میر تقی میر

(iii) آتش،درد،سودا

(iv) حاتم،وزیر،امانت

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

1 - ''الف''اور''ب''

2 - ''ج''اور''د''

3 - ''الف''اور''د''

4 - ''ب''اور''ج''

Q 23 اگر میرے سامنے تمام شعرائے متقدمین کے کلام رکھ کر مجھ کو صرف ایک دیوان حاصل کرنے کی اجازت دی جائے تو میں بلاتامل کہہ دوں گا کہ مجھے ''کلیات مومن'' دے دو باقی سب اُٹھا لے جاؤ''

1 - ڈاکٹر عبادت بریلوی

2 - نیاز فتح پوری

3 - امداد امام اثر

4 - ڈاکٹر سید عبداللہ

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 24 درج ذیل شعر کس کا ہے؟

ہیں جو اے عشق تری بے خبری کے بندے
بس ہو اُن کا تو نہ لیں نام بھی ہشیاری کا

1 - میر تقی میر

2 - غالب

3 - مومن

4 - حسرت

Q 25 شہر یار کو ڈی لٹ کی اعزازی سند کس یونیورسٹی نے نوازا۔

1 - علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

2 - جواہر لال نہرو یونیورسٹی

3 - حیدر آباد سنٹرل یونیورسٹی

4 - مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Q 26 مومن کے دیوان کو کس نے مرتب کیا؟

1 - میر حسن

2 - شیفتہ

3 - مسکین

4 - وحشت

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 27 بیان اور توجیہہ پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

بیان: حسرت موہانی کی غزلوں میں آزادی کے خیالات کی بھرمار نظر آتی ہے۔

توجیہہ: حسرت موہانی جنگ آزادی کے ایک مایہ ناز سپوت تھے۔

1 - بیان غلط، توجیہہ صحیح
2 - بیان بھی غلط اور توجیہہ بھی غلط
3 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط
4 - بیان صحیح اور توجیہہ بھی صحیح

Q 28 مرزا غالبؔ سے متعلق دیے گئے بیانات کو پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

(i) غالبؔ کو اپنے اردو کلام کی بہ نسبت فارسی کلام زیادہ پسند تھا۔
(ii) غالبؔ کے قصیدوں کی تعداد غزلوں سے بھی زیادہ ہے۔
(iii) غالبؔ کے قصر شاہی کی بنیاد جدت طرازی پر ہے۔
(iv) غالبؔ اپنا راستہ خود نکالتے تھے۔ انہیں پامال راہوں پر چلنے سے نفرت تھی۔

1 - ''الف'' اور ''ج''
2 - ''ج'' اور ''د''
3 - ''ب'' اور ''ج''
4 - ''ب'' اور ''د''

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 29 ذیل میں شعری مجموعے اور شعراء کے نام دیے گئے ہیں صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے

| | شعری مجموعے | | شاعر کا نام |
|---|---|---|---|
| i - | اسم اعظم | الف - | اصغر گونڈوی |
| ii - | عشق نامہ | ب - | فراق گورکھپوری |
| iii - | نشاط روح | ج - | شہریار |
| iv - | گل نغمہ | د - | عرفان صدیقی |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ج | د | الف | ب |
| 2 - | د | ب | ج | الف |
| 3 - | الف | ج | ب | د |
| 4 - | ب | الف | ج | د |

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 30 شاعر اور مصرعوں کے لحاظ سے صحیح جوڑ لگائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| i - | فراق گورکھپوری | الف - | دھواں سا جب نظر آیا سواد منزل کا |
| ii - | یگانہ چنگیزی | ب - | یہ سرمئی فضاؤں کی کچھ کنمناہٹیں |
| iii - | اصغر گونڈوی | ج - | یک لحظہ خوشی کا جب انجام نظر آیا |
| iv - | جگر مرادآبادی | د - | ہے ایک ہی جلوہ جو ادھر بھی ہے اُدھر بھی |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | د | ج | ب | الف |
| 2 - | ب | الف | د | ج |
| 3 - | الف | د | ب | ج |
| 4 - | ج | الف | ب | د |

Q 31 اُردو میں نظم معریٰ کس زبان سے آئی ہے؟

1 - عربی
2 - فارسی
3 - انگریزی
4 - فرانسیسی

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 32 مشترکہ تہذیب کا نمائندہ شاعر کون ہے؟

1 - حالیؔ
2 - اکبرالٰہ آبادی
3 - علامہ اقبالؔ
4 - نظیراکبرآبادی

Q 33 محمد حسین آزاد نے لاہور میں کس کی سرپرستی میں نظم کے مشاعرے منعقد کیئے تھے؟

1 - کرنل ہالرائڈ
2 - ڈپٹی نذیراحمد
3 - جان گلکرسٹ
4 - سرسیداحمد خان

Q 34 حالیؔ نے نظم ''نشاطِ اُمید'' کہاں لکھی تھی؟

1 - پانی پت
2 - لاہور
3 - دہلی
4 - حصار

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247

GET IT ON Google Play

Q 35 گوتم نے آبرو دی اس معبد کہن کو
سرمد نے اس زمیں پر صدقے کیا وطن کو
چکبست کا یہ شعر کس نظم سے ہے؟

1 - رامائن کا ایک سین

2 - وطن کا راگ

3 - حب وطن

4 - خاکِ ہند

Q 36 جوش ملیح آبادی کو کس سنہ میں پدم بھوشن کے اعزاز سے نوازا گیا تھا؟

1 - ۱۹۵۲

2 - ۱۹۵۳

3 - ۱۹۵۴

4 - ۱۹۵۵

Q 37 میراجی کی نظم "سمندر کا بلاوا" کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

1 - تین رنگ

2 - نگار خانہ

3 - میراجی کی نظمیں

4 - مشرق و مغرب کی نظمیں

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 38 نظم ''حسن کوزہ گر'' کی ہیئت کیا ہے؟

1 - پابند نظم
2 - معرا نظم
3 - آزاد نظم
4 - نثری نظم

Q 39 ''نغمہ زار درد کی جانب چلے ہم''
نظم کا یہ مصرعہ شفیق فاطمہ شعری کی کس نظم سے ہے؟

1 - بازیابی
2 - بازگشت
3 - شہر نوا
4 - لب کشا

Q 40 فیض احمد فیض کی کلیات کا نام کیا ہے؟

1 - دستِ صبا
2 - زنداں نامہ
3 - نقش فریادی
4 - نسخہ ہائے وفا

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 41 ڈراما "آگرہ بازار" میں کس اُردو شاعر کو موضوع بنایا ہے؟

1 - مرزا غالب
2 - میر تقی میر
3 - حالی
4 - نظیر اکبرآبادی

Q 42 رانی کیتکی کی کہانی کا اہم وصف کیا ہے؟

1 - ایرانی ماحول کی عکاسی ہے
2 - فارسی الفاظ سے خالی ہے
3 - اس کا قصہ فارسی سے ماخوذ ہے
4 - فارسی لفظیات کی بھرمار ہے

Q 43 ذیل میں داستان کے بارے میں چار بیانات دیئے گئے ہیں ان میں کون سے بیانات صحیح ہیں؟

(i) داستان طوالت پر مبنی ہوتی ہے
(ii) داستان میں فوق الفطرت عناصر پیش کئے جاتے ہیں
(iii) داستان کا ایک پلاٹ ہوتا ہے
(iv) حقیقت نگاری داستان کی ایک اہم صفت ہے

1 - "الف" اور "ب"
2 - "ب" اور "ج"
3 - "الف" اور "ج"
4 - "ب" اور "د"

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 44 ان میں سے کون سا جوڑ صحیح ہے؟

(i) اندر سبھا - امانت لکھنوی

(ii) ضحاک - امتیاز علی تاج

(iii) یہودی کی لڑکی - محمد حسن

(iv) آگرہ بازار - حبیب تنویر

1 - ''الف'' اور ''ب''

2 - ''الف'' اور ''ج''

3 - ''الف'' اور ''د''

4 - ''ب'' اور ''د''

Q 45 ذیل میں کون سی تصنیف غیر متعلق ہے؟

1 - گل صنوبر

2 - امیر حمزہ

3 - منصور موہنا

4 - طلسم حیرت

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 46 ذیل میں درج کس ادبی صنف میں عقل سے زیادہ جذبات کے شعور اور وجدان کی جلوہ گری ہوتی ہے؟

1 - داستان
2 - ناول
3 - ڈراما
4 - افسانہ

Q 47 درج ذیل بیان کس کا ہے؟

"داستان امیر حمزہ کسی ایک کتاب کا نام نہیں۔اس کا ایک مصنف نہیں۔یہ کسی زمانے سے منسوب نہیں کی جاسکتی۔یہ تو الف لیلی کی طرح قصہ خوانی کی ایک شاخ،ایک روایت،ایک موضوع ہے۔جس کے ہزار پہلو ہیں جو صدیوں تک پرورش پاتی رہتی ہیں"۔

1 - کلیم الدین احمد
2 - فرماں فتح پوری
3 - علی عباس حسینی
4 - گیان چند جین

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 48 ''اندر سبھا'' کے بارے میں کون سے بیانات درست ہیں؟

(i) سید آغا حسن امانت نے شاہی رہس کے طرز پر اندر سبھا لکھا

(ii) سید آغا حسن امانت نے بالکل یونانی ڈرامے کے طرز پر اندر سبھا لکھا

(iii) اندر سبھا کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں سب سے پہلے عام کرداروں کو پیش کیا گیا

(iv) اندر سبھا عوام کی تفریح کے لیے تھا

1 - ''الف'' اور ''ب''

2 - ''ب'' اور ''ج''

3 - ''ب'' اور ''ج''

4 - ''الف'' اور ''د''

Q 49 آغا حشر کاشمیری کی بنائی ہوئی تھیٹریکل کمپنی کا نام کیا ہے؟

1 - الفریڈ تھیٹریکل کمپنی

2 - وکٹوریہ ناٹک کمپنی

3 - شیکسپیر تھیٹریکل کمپنی

4 - جوبلی تھیٹر

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 50 ”ہائے مجھے یوں نامرادنہ لے جاؤ۔میں یہاں سے نکلتے ہی دم توڑدوں گی“

یہ جملہ کس کردار کی زبانی ادا ہوتی ہے؟

1 - ثریاّ
2 - انارکلی
3 - انارکلی کی ماں
4 - دلارام

Q 51 انگارے کی مصنفین میں کون کون شامل ہیں؟

1 - سجاد ظہیر—محمود الظفر—رشید احمد خان—غلام عباس
2 - سجاد ظہیر—ندیم قاسمی—احمد علی—محمود الظفر
3 - سجاد ظہیر—رشید جہاں—محمود الظفر—احمد علی
4 - سجاد ظہیر—غلام عباس—احمد علی—ندیم قاسمی

Q 52 پریم چند کواُردوافسانے کا موجد کس نے قرار دیا ہے؟

1 - وقار عظیم
2 - آل احمد سرور
3 - گوپی چند نارنگ
4 - احتشام حسین

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 53
درج ذیل اقتباس کس ناول سے ماخوذ ہے؟

اوپر کسی نے منہ پر مٹھی گول کر کے باجے کی آواز نکال دی۔ بس پھر کیا تھا سب سمجھ گئے۔ برات آگئی۔ خوب ہی دھما چوکڑی مچی۔ گاؤں کے سب بوڑھے، بچے، مرد، عورتیں سامنے کے کھلے میدان میں کنویں کے من پر، کوٹھوں کی چھت پر درختوں کے اوپر یہاں وہاں سب جگہ پہنچ کر بیٹھ گئے“۔

1 - فائر ایریا
2 - ایک چادر میلی سی
3 - گئودان
4 - بستی

Q 54
بیان اور توجیہہ غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

بیان: مراۃ العروس فنی اعتبار سے کمزور ناول ہے۔

توجیہہ: ڈپٹی نذیر احمد نے یہ کتاب اپنے بچوں کی تربیت کے لیے لکھی تھی

1 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح
2 - بیان اور توجیہہ غلط
3 - بیان صحیح اور توجیہہ بھی صحیح
4 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 55 ان میں سے کون سا کردار "آگ کا دریا" کا ہے؟

1 - ہری شنکر
2 - کندن
3 - مدن
4 - برج موہن

Q 56 افسانہ "دیوالہ" راجندر سنگھ بیدی کے کس افسانوی مجموعے میں شامل ہے؟

1 - ہاتھ ہمارے قلم ہوئے
2 - کوکھ جلی
3 - گرہن
4 - اپنے دکھ مجھے دے دو

Q 57 "سومیترا" کس افسانے کا کردار ہے؟

1 - ٹرمینس سے پہلے
2 - اپنے دکھ مجھے دے دو
3 - لاجونتی
4 - لمبی لڑکی

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 58 ذیل میں ناول اور ناول نگاروں کی فہرست دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| ناول | | ناول نگار |
|---|---|---|
| i - کامنی | الف - | شمویل احمد |
| ii - نمبردار کا نیلا | ب - | محمد ہادی رسوا |
| iii - ذاتِ شریف | ج - | رتن ناتھ سرشار |
| iv - مہاماری | د - | سید محمد اشرف |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ج | د | ب | الف |
| 2 - | الف | د | ب | ج |
| 3 - | الف | ب | ج | د |
| 4 - | ب | الف | د | ج |

Q 59 ان میں راجیندر سنگھ بیدی کا کون سا افسانہ تقسیم ہند اور فسادات کے موضوع پر لکھا گیا ہے؟

1 - گرہن

2 - لاجونتی

3 - اپنے دکھ مجھے دے دو

4 - گرم کوٹ

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 60 ''ایک لڑکی'' کن کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

1 - خواجہ احمد عباس
2 - قرۃ العین حیدر
3 - سرتیدر پرکاش
4 - عصمت چغتائی

Q 61 ''محمد حسین آزاد نے اُردو تنقید نگاری کی بنیاد رکھی مگر ٹیڑھی'' یہ کس کا قول ہے؟

1 - رام بابو سکسینہ
2 - کلیم الدین احمد
3 - شبلی نعمانی
4 - احسن فاروقی

Q 62 ذیل میں سے آل احمد سرور کی تنقیدی مضامین کا مجموعہ کون سا ہے؟

1 - سلسبیل
2 - ذوق جنوب
3 - خواب باقی ہیں
4 - خواب اور خلش

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 63 ان میں سے نفسیاتی تنقید کے نظریات کون سے ہیں؟

(i) ادب کو ایسے معیاروں سے پرکھنا چاہیئے جن میں سائنس کی سی صحت، قطعیت، اور غیر جانب داری ہو۔

(ii) تنقید کے سلسلے میں فن کار کی شخصی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

(iii) ہماری زندگی میں شعور سے زیادہ لاشعور کی کار فرمائی ہے

(iv) فن پارے میں موجود حسن و مسرت کے اجزاء تلاش کرنا چاہیئے۔

1 - ''الف'' اور ''ب''

2 - ''ج'' اور ''د''

3 - ''ب'' اور ''ج''

4 - ''الف'' اور ''د''

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 64 ذیل میں ماہرین ادب کے نام اور ان کے اقوال دئے گئے ہیں۔
صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

| | ماہرین ادب | | اقوال |
|---|---|---|---|
| i - | فلاہیر | الف - | تنقید استدلال کی سائنس ہے جو تخلیق شعر کے مسائل سے بحث کرتی ہے |
| ii - | ٹینی سن | ب - | نقادوں میں نفرت کا جذبہ محبت شدید ہوتا ہے |
| iii - | ڈرائیڈن | ج - | تنقید ادب کے جسم کا کوڑہ ہے |
| iv - | کورج | د - | تنقید ادب کے گیسوؤں کی جوں ہے |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ب | د | ج | الف |
| 2 - | ج | الف | د | ب |
| 3 - | ج | د | ب | الف |
| 4 - | الف | د | ب | ج |

Q 65 ”مبالغہ اور اغراق کے بغیر شاعری میں کوئی چارہ کار نہیں“ یہ کس عربی نقاد کا قول ہے۔

1 - ابن خلدون
2 - عبدالقادر جرجانی
3 - ابن قتیبہ
4 - ابن رشیق

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 66 ''اچھی تشبیہ وہ ہے جو مشبہ بہ کو مشبہ اور مشبہ کو مشبہ بہ بنا دیا جائے تب بھی کوئی فرق نہ آئے'' یہ کس فارسی نقاد کا قول ہے؟

1 - رشید الدین وطواط
2 - شمس قیس رازی
3 - عروضی سمرقندی
4 - امیر کیکاؤس

Q 67 کس یونانی فلسفی نے اپنی شاعری اور لکھے ہوئے ڈراموں کو جلا ڈالا تھا اور اپنی توجہ فلسفے پر مرکوز کر دی تھی؟

1 - جالینوس
2 - افلاطون
3 - بقراط
4 - سقراط

Q 68 زمانی ترتیب کے لحاظ سے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

1 - بھرت منی، ابھینو گپت، آنند وردھن، اچاریہ شنکک
2 - بھرت منی، اچاریہ شنکک، آنند وردھن، ابھینو گپت
3 - آنند وردھن، اچاریہ شنکک، بھرت منی، ابھینو گپت
4 - اچاریہ شنکک، ابھینو گپت، آنند وردھن، بھرت منی

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 69 ''تفسیر غالب'' میں گیان چند جین نے کلام غالب کے کس پہلو سے شرح کی ہے؟

1 - غالب کے منسوخ کلام کی شرح
2 - غالب کے گمنام کلام کی شرح
3 - غالب کے فارسی کلام کی شرح
4 - غالب کے ثقیل کلام کی شرح

Q 70 اِن میں سے کون سا خاکہ مولوی عبدالحق کا ہے؟

1 - نام دیو مالی
2 - کندن
3 - دوزخی
4 - نذیر احمد کی کہانی کچھ اُن کی کچھ میری زبانی

Q 71 ''میں نے وہ انداز تحریر اختیار کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے''
غالبؔ نے کس کے نام خط میں یہ اعتراف کیا ہے؟

1 - حاتم علی مہرؔ
2 - میر سرفراز حسین
3 - منشی ہر گوپال تفتہ
4 - میر مہدی مجروح

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 72

بیان اور توجیہہ غور سے پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

بیان: حالیؔ نے ''حیات جاوید'' میں سرسید کی شخصیت کے بعض کمزور پہلوؤں کے بیان میں تاویلیں بھی پیش کی ہیں۔

توجیہہ: یہ فن سوانح نگاری کا تلازمہ ہے۔

1 - بیان اور توجیہہ دونوں غلط

2 - توجیہہ صحیح مگر بیان غلط

3 - بیان صحیح مگر توجیہہ غلط

4 - بیان اور توجیہہ دونوں صحیح

Q 73

نام دیومالی کی موت کس طرح واقع ہوئی؟

1 - سانپ کے ڈسنے سے

2 - شہد کی مکھیوں کے کاٹنے سے

3 - درخت کے گر پڑنے سے

4 - لُو لگنے سے

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

**Q 74** سر سید احمد خان نے اپنے کس مضمون میں پیغمبروں کے حوالے سے بات سمجھانے کی کوشش کی ہے؟

1 - خوشامد
2 - بحث و تکرار
3 - گزرا ہوا زمانہ
4 - امید کی خوشی

**Q 75** ’’اس آباد خرابے میں‘‘ کتابی صورت میں شائع ہونے سے پہلے کس رسالے میں قسط وار چھپتی تھی؟

1 - بیسویں صدی
2 - شاعر
3 - سوغات
4 - شب خون

**Q 76** ’’اپنی کس سوانح عمری کے لئے مواد جمع کرنے کے سلسلے میں شبلی کو سفر روم اور شام اختیار کرنا پڑا تھا؟

1 - الفاروق
2 - النعمان
3 - المامون
4 - سیرۃ النبیؐ

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

**Q 77** شبلی نعمانی نے کس سوانح عمری کے بارے میں ''مدللی مداحی'' کا فقرہ کہا تھا؟

1 - یادگار غالب

2 - حیات جاوید

3 - امہات الامہ

4 - حیات سعدی

**Q 78** ان میں سے کون سا زمرہ خطوط سے تعلق رکھتا ہے۔

1 - وکیل صاحب، گزرا ہوا زمانہ، اردوئے معلیٰ، صلیبس میرے دریچے میں

2 - بحث و تکرار، ورود مسعود، مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ، غالب جدید شعراء کی مجلس میں

3 - نقوش زنداں، جنون لطیفہ، مسافران لندن، نام دیومالی

4 - حکایت بادۂ تریاک، حکایت زاغ و بلبل، چڑیا چڑے کی کہانی، داستان بے ستون و کوہ کن

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 79 ذیل میں خودنوشت سوانحات اور اس کے مصنفین کی فہرست دی گئی ہے۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

| | خودنوشت | | مصنف |
|---|---|---|---|
| i - | خواب باقی ہیں | الف - | وزیر آغا |
| ii - | اس آباد خرابے میں | ب - | انتظار حسین |
| iii - | شام کی منڈیر سے | ج - | اخترالایمان |
| iv - | جستجو کیا ہے | د - | آل احمد سرور |

| | i | ii | iii | iv |
|---|---|---|---|---|
| 1 - | ج | د | الف | ب |
| 2 - | الف | ج | د | ب |
| 3 - | ب | الف | ج | د |
| 4 - | د | ج | الف | ب |

Q 80 انشائیے میں ذیل کی کون سی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟

(i) انشائیہ میں دلائل اور شواہد کے ساتھ گفتگو کرنا لازمی ہے۔

(ii) انشائیے میں اختصار، تازگی اور تفریح لازمی ہے۔

(iii) انشائیے میں ترتیب اور تنظیم ضروری نہیں ہے۔

(iv) انشائیے میں باقاعدہ آغاز، ارتقاء اور تکمیل ہوتی ہے۔

1 - ''ب'' اور ''ج''
2 - ''الف'' اور ''د''
3 - ''ب'' اور ''د''
4 - ''ج'' اور ''د''

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 81 ''دارالترجمہ'' کے زیر اہتمام پروفیسر محمد مجیب کی کون سی کتاب شائع ہوئی تھی؟

1 - تاریخِ مغلیہ

2 - قصص ہند

3 - تاریخِ تمدن ہند

4 - تاریخِ ایران

Q 82 ''انجمن ترقی پسند مصنفین'' کا قیام کہاں عمل میں آیا تھا؟

1 - علی گڈھ

2 - دہلی

3 - لکھنو

4 - لاہور

Q 83 ''حلقہ اربابِ ذوق'' کے نزدیک فن کی بنیادی چیزیں کیا تھیں؟

1 - تجربہ—جدّت—انفرادیت

2 - حسنِ الفاظ—حسنِ خیالات—حسنِ بیان

3 - تجربہ—حسنِ خیالات—حسنِ بیان

4 - جدّت—انفرادیت—حسنِ خیالات

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 84 ایہام گوئی کے خلاف کون سی تحریک شروع ہوگئی تھی؟

1 - ترقی پسند تحریک
2 - حلقۂ اربابِ ذوق
3 - رومانی تحریک
4 - اصلاحِ زبان کی تحریک

Q 85 اصلاحِ زبان کے سلسلے میں شیخ امام بخش ناسخ نے----

(i) شاعری میں حشو وزائد کے استعمال پر کڑی پابندی عائد کی۔
(ii) ہندی اور بھاشا کے الفاظ کے استعمال کو بڑھاوا دیا۔
(iii) نئے نئے مصادر اُردو میں متعارف کرائے گئے۔
(iv) جمع بنانے کا دکنی قاعدہ ''اں'' کے بجائے ''یں'' بنایا گیا۔

1 - ''ب'' اور ''ج''
2 - ''الف'' اور ''د''
3 - ''ج'' اور ''د''
4 - ''الف'' اور ''ج''

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 86 فورٹ ولیم کالج کے مصنفین کی صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

1 - فقیر محمد گویا—رجب علی بیگ سرور—غلام امام شہید—سر سید احمد خان
2 - محسن الملک—چراغ علی—محمد حسین آزاد—ذکا اللہ
3 - میر امن—حیدر بخش حیدری—کاظم علی جوان—مرزا علی لطف
4 - خواجہ میر اثر—محمود شیرانی—مالک رام-نورالحسن ہاشمی

Q 87 دہلی کالج کے پہلے پرنسپل کون تھے؟

1 - مسٹر جانسن دی تاسی
2 - مسٹر جوزف ہنری ٹیلر
3 - مسٹر ن جان گل کرائیسٹ
4 - لارڈ سائیمن

Q 88 ''حلقۂ اربابِ ذوق'' کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

1 - ۲۹ اپریل ۱۸۵۸ء
2 - ۲۹ اپریل ۱۹۳۵ء
3 - ۲۹ اپریل ۱۹۳۶ء
4 - ۲۹ اپریل ۱۹۳۹ء

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 89 ان میں سے کس شاعر نے اصلاحِ زبان کی کوشش کی اور اس پر خود بھی سختی سے عمل کیا؟

1 - آتش
2 - دیاشنکر نسیم
3 - سودا
4 - ناسخ

Q 90 فورٹ ولیم کالج میں شعبہ ہندوستانی کے پہلے پروفیسر کون تھے؟

1 - میر امّن
2 - جان گلکرائسٹ
3 - تامس رویک
4 - ترنی چندر مشرا

Q 91 اِس اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور صحیح صنفِ شاعری کی نشاندہی کیجیئے۔

ایسی نظم جس میں چھ چھ مصرعوں کے بند ہوں۔ ان چھ مصرعوں میں سے چار ہم قافیہ یا ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں۔ باقی دو مصرعے یعنی پانچواں اور چھٹا مصرعہ اپنا الگ قافیہ یا ردیف رکھتا ہو۔

1 - مسمّط
2 - مسدس
3 - مستزاد
4 - مثمن

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

Q 92 عموماً رباعی کا کون سا مصرع بے قافیہ ہوتا ہے۔

1 - پہلا
2 - دوسرا
3 - تیسرا
4 - چوتھا

Q 93 نورالحسن نقوی کے قول کے مطابق پیروڈی کو اُردو میں کیا کہتے ہیں؟

1 - لطیفہ
2 - تحریف
3 - طنز
4 - مزاح

Q 94 وہ کون سی نظم ہے جس کے ہر بند میں پانچ پانچ مصرعے ہوں۔

1 - مربع
2 - مخمس
3 - مثمن
4 - مسدس

SPACE FOR ROUGH WORK



Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 95 ذیل میں ایک دعویٰ اور اُس کی دلیل دی گئی ہے۔ انہیں غور سے پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: الفاروق حضرت عمرؓ کی جامع سوانح عمری ہے۔

دلیل: اِس میں حضرت عمرؓ کی مفصّل حیات اور جملہ کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

1 - دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط
2 - دعویٰ غلط اور دلیل صحیح
3 - دلیل غلط اور دعویٰ بھی غلط
4 - دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح

Q 96 بحر ہزج کے کتنے اوزان رباعی لکھنے کے لیے مقرر ہیں؟

1 - چوبیس
2 - پچیس
3 - چھبیس
4 - ستائیس

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 97 بیان اور توجیہہ غور سے پڑھیئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

بیان: ترقی پسند تحریک میں رپوتاژ کو فروغ حاصل ہوا۔

توجیہہ: یہ صنف ترقی پسند تحریک کے عہد میں تمام نثری اصناف پر سبقت لے گئی۔

1 - بیان غلط، توجیہہ صحیح
2 - بیان غلط اور توجیہہ بھی غلط
3 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط
4 - بیان صحیح اور توجیہہ بھی صحیح

Q 98 حقیقی اشخاص کے حقیقی الفاظ کی شرط کس ذریعہ ابلاغ پر لاگو ہوتی ہے؟

1 - ڈاکومینٹری
2 - فیچر
3 - پیروڈی
4 - کالم

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 99 ذیل کے کون سے عناصر کالم نگاری کے لیے ضروری ہیں؟

(i) کالم میں مرصع و مقفیٰ زبان کا استعمال لازمی ہے۔

(ii) کالم کے لیے موضوع کی قید نہیں۔

(iii) کالم میں 'ہم' کے بجائے 'میں'، 'میرے'، 'میری رائے میں' وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

(iv) اُردو کے ہر مزاح نگار نے کالم نگاری کی ہے۔

1 - ''الف'' اور ''ج''

2 - ''ج'' اور ''د''

3 - ''ب'' اور ''د''

4 - ''ب'' اور ''ج''

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247 GET IT ON Google Play

Q 100 بیان اور توجیہہ غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

بیان: ہائیکو میں موضوعات کی کوئی قید نہیں۔

توجیہہ: کیونکہ یہ ایک طویل نظم ہوتی ہے۔

1 - بیان غلط اور توجیہہ صحیح

2 - بیان صحیح اور توجیہہ غلط

3 - بیان بھی غلط، توجیہہ بھی غلط

4 - بیان بھی صحیح، توجیہہ بھی صحیح

Adda247

SPACE FOR ROUGH WORK

Adda247
GET IT ON Google Play

SPACE FOR ROUGH WORK